سوال

(318) تعداد رکعت تہجد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

لوگوں سے سننے میں آیا ہے کہ نماز تہجد بارہ رکعت اس طرح پڑھنی چاہیے۔ کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص بارہ مرتبہ دوسری میں گیارہ تیسری میں دس مرتبہ علی ھذا القیاس ہر رکعت میں ایک دفعہ کم کرتے جانا چاہیے۔ کیا نماز تہجد کا یہ طریقہ مسنون ہے۔ اور جو اس کے خلاف آٹھ رکعت پڑھے۔ اور جو سورت چاہے پڑھے اس کی نماز ادا ہو جاتی ہے یا نہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز تہجد آٹھ رکعت ہے۔ وتر سمیت گیارہ کسی صورت کی تخصیص نہیں ہے فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 526

محدث فتویٰ